بسم الله الرحمن الرحيم
نحمده ونصلي على رسوله الكريم

لا اله الا الله محمد رسول الله

# AHMADIYYA GAZETTE
## Canada

15 Thorncliffe Park Drive, Suite # 311, Toronto
Ontario, Canada. M4H 1H6. Ph: (416) 424-4244.

Editor: M. A. Bashir — *FEBRUARY 1980* Sub Editor M. Y. Khan

# A SIGN OF MERCY

## PROPHECY REGARDING MUSLIH MAOOD–PROMISED REFORMER

In his announcement of 20th February 1886, the Promised Messiah (peace be on him) says:

God the Merciful, the Noble, the High, the Exalted, Who has power to do all that He wills (glory be to Him and exalted be His name) has vouchsafed to me the following revelation:

I confer upon thee a Sign of My mercy according to thy supplications. I have heard thy entreaties and have honoured thy prayers with My acceptance through My mercy and have blessed this thy journey. A Sign of power, mercy, nearness to Me is bestowed on th :e, a Sign of grace and beneficence is awarded to thee and ! ou art granted the key of success and victory. Peace on thee. O victorious one. Thus does God speak so that those who desire life may be rescued from the grip of death and those who are buried in the graves may emerge therefrom and so that the superiority of Islam and the dignity of God's word may become manifest unto the people and so that truth may arrive with all its blessings and falsehood may depart with all its ills, and so that people may understand that I am the Lord of Power, I do whatever I will, and so that they may believe that I am with thee, and so that those who do not believe in God and deny and reject His religion and His Book and His Holy Messenger Muhammad, the Chosen One (on whom be peace) may be confronted with a clear Sign and the way of the guilty ones may become manifest.

Rejoice, therefore, that a handsome and pure boy will be bestowed on thee, thou wilt receive a bright youth who will be of thy seed and will be of thy progeny. A handsome and pure boy will come as your guest. His name is Emmanuel and Bashir. He has been invested with a holy spirit, and he will be free from all impurity. He is the light of Allah. Blessed is he who comes from heaven. He will be accompanied by grace which shall arrive with him. He will be characterised with grandeur, greatness and wealth. He will come into the world and will heal many of their disorders through his Messianic qualities and through the blessings of the Holy Spirit. He is the Word of Allah for Allah's mercy and honour have equipped him with the Word of Majesty. He will be extremely intelligent and understanding and will be meek of heart and will be filled with secular and spiritual knowledge. He will convert three into four (of this the meaning is not clear). It is Monday a blessed Monday. Son, delight of the heart, high ranking, noble; a manifestation of the First and the Last, a manifestation of the True and the High; as if Allah has descended from heaven. His advent will be greatly blessed and will be a source of manifestation of Divine Majesty. Behold a light cometh, a light anointed by God with the perfume of His pleasure. We shall pour Our spirit into him and he will be sheltered under the shadow of God. He will grow rapidly in stature and will be the means of procuring the release of those held in bondage. His fame will spread to the ends of the earth and peoples will be blessed through him. He will then be raised to his spiritual station in heaven. This is a matter decreed.

The words beginning with: A handsome and pure boy; and ending with: He who comes from heaven; indicate a short life, for a guest is one who stays for a few days and then departs before one's eyes. The succeeding sentence refers to the Promised Reformer who was named Fazal in the revelation (Green announcement p. 21 footnote, Tableegh Risalat Vol. I p. 141).

Grace will arrive with his coming. He is light and is blessed and holy and is of the righteous. He will spread blessings and will nurture people on pure food and will be a helper of the faith. He will be one of our Signs and will be the banner of My supports so that those who deny thee should know that I am with thee through My open grace. He will be understanding and intelligent and handsome. His heart will be filled with knowledge, his interior will be gentle and his breast will be filled with security. He will be bestowed the Messianic spirit and will be blessed with the trustworthy spirit. Monday, blessed Monday, blessed spirits will arrive on that day (Ayena Kamalat-i-Islam pp. 577–578).

This is not only a prophecy it is a grand heavenly Sign which Almighty God has shown for demonstrating the truth and greatness of the gentle and compassionate Prophet Mohammed, the Chosen One, peace and blessings of Allah be on him and his people. This Sign is a hundred times greater and better and more perfect and more exalted and more complete than bringing a dead person back to life. Such an event, the possibility of which many critics question, merely means to bring a spirit back to life by supplication to God. In this instance God, the Almighty has, through His great grace and benevolence and through the blessings of the Seal of the Prophets, peace and blessings of Allah be upon him and his people, by accepting the supplications of this humble one, promised to send such a blessed spirit whose manifest and hidden blessings will spread throughout the earth. It might on the surface appear like bringing to life a dead person but reflection would show that it is a far better sign than reviving a dead person. Reviving a dead person means to win back a soul through supplication but what tremendous difference there is between those souls and this soul (Announcement of March 22, 1886).

# CANADA MISSION NEWS

## TORONTO JALSA SIRAT-UN-NABI (SAW).

Our Toronto Chapter arranged to convene Jalsa Sirat-un-Nabi (SAW) this year on 3rd February. Apart from our brothers in Toronto, our other members from the Jamaats nearby also participated. The attendence was well over two hundreds. Pardah arrangements was made for our sisters. Over fifty non-Ahmadis had been invited to attend our meeting but as other mus lim organisations were also observing the Sirat-un-Nabi day, as such, only a few Non-Ahmadis hardly could come. Br Adam Beehary (of Maritius) recited the Holy Quran with its translation. Our respected Doctor Sayed Ahmad, Yusuf, in view of the significance of this special meeting, arrived to deliver his lecture from Deep River, a place situated over 300 miles from Toronto. The topic of his lecture was:
"24 hours in the life of our Holy Prophet (SAW)"
His scholarly speech was well appreciated.

For the first time, our three Children read out their scripts regarding "Sirat" of our Holy Prophet in this meeting. These three Children were from our Mississage Chapter. The chair advised other Chapters to follow this example of our Children.

After this, Br. Isa Jan Khan explained briefly the various aspects of sirat of the Holy Prophet (saw) followed by recitation of poems by Br. Mazhar Ali Zuberi and Br Jamil Saeed appropriete to the honour of the Holy Prophet (SAW).

In the end, our Missinary Incharge in his presidential address stressed upon the fact that the sole remedy of the world troubles and griefs lies in following the "Uswah" or the practical example set forth by the Holy Prophet. If we faild to acquaint the mankind of this fact, we will be very much guilty for the same.

## Dars-e-Quran in Toronto Mission House.

You will be aware that we were holding a fortnightly sitting of Dars e-Quran followed by a programme of Questions and Answers in our Mission house. As per request of our friends and brothers, this sitting was held once a month. About 20-25 brothers do attend this Dars with dire keenness. We feel it, however, very strongly that our other brothers who may find time on Sunday, should also endeavour to attend the Dars and derive full benefits. Br. Mirza Shiam makes arrangements of this programme and we

request our brothers to fully co-operate with him.

Donation of Photostat machine & Electric Typewriter to our Mission.

We were in need of a Photostat machine in our Mission over a long period. Thanks to Almighty God, with the co-operation and financial assistance of our three brothers namely (1) Br Ch Ilyas Ahmad (Calgry) (2) Br Daud Ahmad Khan (Downsview) (3) Ch Idris Shahin (vancouvar), we have purchased a reconditioned Photostat machine. Greater part of the amount has been donated by Br Ch. Ilyas Ahmad.

Our Br Dr Khalifa Abdul Momin of Glacebay (N.S.) has promised to donate an electric typweite to the ission House. May Allah bless them all, Amin.

Offer by Calgary, Saskatoon, dmonton & Vancouvor

Our brothers are aware that presently Western Canada is Progressing ahead and there are more chances of business and employment in the region. Our four chapters in that region have offered to our brothers full assistance in seeking employment by providing lodging arrangements etc. till such time they get a job. We urge upon our young folk to take full advantage of this oppurtunity.

Prayer Centres.

Information regarding prayer Centres in different Chapters is appended below for information of our all brothers:-

Scarborrough. (1) Mission House, 2 pm, Sunday
(2) House of Br Monawar Ahmad Butt 7.30 pm, Sunday.

Mississa . (1) Sunday, 2 PM at the residence of different brothers by turn.

Downsview. (1) House of Br Naseer Ahmad Khan, Sunday, evening Prayers.
(2) House of Be Khalifa AbdulAziz, Sunday, evening Prayers.

Calgary. (1) Mission House, Sunday, 2 PM.

Admonton. (1) House of Ch Maqbool Ahmad, Sunday, 4 Pm.

Saskatoon. (1) Ahmadiya Centre, Daily three prayers.

Vancouvar. (1) House of Ch Idres Ahmad & Ch Nasrullah Khan on Sunday.

Winnypeg. (1) House of Dr Ijaz Ahmad Qamar, daily, evening Prayers.

St. Catherine. (1) House of Agha Lutful Mannan, daily, evening Prayers.

Montreal. (1) House of Br Mohd Saeed, daily, Fajar Prayers.

...lae. (1) Sunday, 7 PM at the residence of different brothers by turn.

...igbi. (1) Daily five Prayers and Dars after Maghrib Prayer.

FRIDAY PRAYERS.

Friday Prayers are offered in congregation in the following Jamaats:-

(1) Toronto Mission House, 2 PM.
(2) Calgary Mission House.
(3) Saskatoon Ahmadyya Centre.
(4) Edmonton residence of Ch Magbool Ahmad.
(5) Montreal residence of Br Mohammad Saeed.

Children Classes.

Arrangements exist in the following Chapter for the Children to learn Holy Quran. This is a good example for other Chapters to follow:- (1) Scarborough (2) Missassauga (3) Sudbury (4) Calgary (5) Saskatoon (6) Ottawa (7) Winnipeg (8) Edmonton (9) Vancouvar.

Calgary & Saskatoon Chapters & Distribution of Holy Quran.

Our Holy Khalifatul Masih has planned the distribution of one million Copies of Holy Quran in North America alone in next few years. All our brothers are participating in this scheme. In this regards, our Chapters of Calgary and Saskatoon are leading by making a pledge to 100 and 10 copies respectively every month for the distribution.

Important Anouncement.

Due to abnormal expenditure, it has been decided that we will despatch only one section of the Gazette (English or Urdu) to each family. As, in most of our families, our Children can only read English, we will therefore send only English section of the Gazette to all the families, except those who may demand Urdu Portion also.

(2) In order to meet the expeditures, in full we request our brothers to send their donations for both Gazette and light, otherwise we will be forced to suspend their publication or we will be able to publish a few issues only during the year.



...l. Mohammed Zafrulakhan Sahib with some →
...madis at Religious Founders Day. Calgary

| | | | |
|---|---|---|---|
| 52. | Wajahat Mahmood | " | $ 30.00 |
| 53. | Shujaat Mahmood | " | $ 15.00 |
| 54. | Hassan Umar | " | $ 15.00 |
| 55 | MRS Munawar Sarwat | " | $ 110.00 |
| 56. | MRS Farhat Basit | " | $ 80.00 |
| 57. | MRS Sajida Shakeel | " | $ 100.00 |
| 58. | MRS Bhushra Ilyas | " | $ 60.00 |
| 59. | MRs Bushra Bari | " | $ 35.00 |
| 60. | MRS Nazhat Aziz | " | $ 40.00 |
| 61. | MRS Amtul Rafiq. | " | $ 30.00 |
| 62. | MRS Amtul Wadood Khadim | | $ 35.00 |
| 63. | MRS Tariq Shakeel | " | $ 20.00 |
| 64, | MRS Doctor Surayya Umar | | $ 20.00 |
| 65. | MRS Aisha Mirza | " | $ 25.00 |

**Future of the Ahmadiyya Movement**

The Promised Messiah writing about the future of the Ahmadiyya Movement said: "Allah has repeatedly told me that He will invest me with great grandeur; and He will put my love in the hearts of people and He will cause my Movement to spread all over the earth; and He will make my followers prevail over all other sects; and the members of my Movement will attain to such perfection in knowledge and comprehension, that, with the light of their truth and signs, they will make their opponents dumb in defeat; and all peoples will drink from this fountain, and this Movement will grow with great vigour, and thrive until it will encompass the world."

# THE CRUSADE OF ISLAM

It is with uncounted thanks to Almighty Allah that we announce that Canada Jamaat with the help and support of local Jamaats is planning to hold 'The Crusade of Islam' in Canada. It is a great project which will be held in major cities all over Canada. Chaudhry Zafrulla Khan Sahib has graciously agreed to come and preside over these functions. Outstanding scholars from Europe and United States will be invited to deliver lectures on Islam and it's Founder, the Holy Quran and the advent of the Promised Messiah. VIPs and celebraties will be invited to a dinner on that occasion. Guest speakers may include Mr. A. Masen, Denmark; Mr. B. Orchard, England; Dr. Khalil Nasir, U.S.A and Airmarshall Mohammad Zafar, U.S.A. A letter has been dispatched to all local Jamaats with the details of that project. The following is a gist of the response received from President of Calgary Jamaat:

I received the letter regarding the great project 'The Crusade of Islam'. We l a special session to discuss it and our Executives fully approved this noble great task. We offer our services for it's success. We pray and pray earnestly Almighty Allah out of His infinite mercy may bless us with this great honour eliver His Message. Ameen.

I feel that local Jamaats may have to spend 2 to 3 thousand dollars. This nt could be raised by donations starting right now. These figuers mainly include dinner expenses. I feel that every Ahmadi should pay for his dinner and the din- of at least one guest. I am sure that the rest of expenses could be generated ll Jamaats. We have to make sacrifices. We have to cut our wasteful expenses contribute and donate for this great cause, the real cause.

I am writing in support of this great project because I feel that Allah wants llah desires that His Message be delivered to this materialistic part of the . We have to ponder and ponder seriously over whether or not we are responding r Creator's call. We are going to be answerable to Him. We are not going to with us all of our monies and properties. We are blessed to be Ahmadis. It is at blessing and a great honour. Are we proving to be worthy of such honour?

We must start working with our heart and soul for the success of this Crusade. ould put in our best and then see how Allah bless this great Ahmadiyya Jamaat nada. This will be a unique honour. This will be an unprecedented course which be followed by the rest of Jamaats all over the world. This is the need and ll of the hour. We have to work whole heartedly towards its success. I am that Ahmadis of Canada will rise to the occasion. I am sure that we don't want written in the history of Ahmadiyyat and the history of Islam that we were ople, the followers of Massih-i-Mauood, who left their homes, left their ies, left their kith and kins just to make money and not to spread Islam.

I hope and pray that we would be the people who offer every sacrifice and make this scheme a great success. May Allah chose us to be worthy of this great honour. Ameen.

In the end, I will only say that it is God Almighty Who sent us this opportunity. It is a blessing from Allah. He granted us this opportunity to bring us in peace and love with Him. I hope we rise to the occasion. I hope we accept the challenge. I hope we pay heed to the call. If Hazrat Chaudhry Sahib at this old and advanced age can undertake such long and tiring journey, why can't we spare few dollars? The National Jamaat has taken a big step and a noble initiative. May Allah reward them. Now it is our turn, the local Jamaats, to shoulder our responsibilities.

Allah wants us to do something. He will open for us big and wide gates not only doors. Brothers will come forward and donate generously. Some people are born to do service and others are born to create hurdles. But I am sure that Ahmadis are born to make sacrifices for the spread of Islam and bring the dawn of Islam.

We can see that the dawn of Islam is at our door step. Islam is being discussed today and is represented and portraid by good and evil forces. The true Islam has to be presented and portraid by the followers of the Mahdi. So, now it is our sacred duty that we should start 'The Crusade of Islam' to dispel the darkness of the false propaganda aimed against Islam and let the bright light of the true teachings of Islam shine forth in the world.

May Allah guide us to organize 'The Crusade of Islam' in Canada. May He enable us to conduct it in the way which is acceptable to Him. May He help us to deliver His Message. May He decide out of His infinite mercy to chose us, the weak and humble sinners, to shoulder this responsibility.

May Allah also reward the National Jamaat of Canada for starting this project. May Allah bless them with the love and the wisdom to win the hearts and support of all local jamaats. Ameen.

It is no wonder that we received such enthusiastic response from Calgary Jamaat which is always leading the way to offer every kind of sacrifice. Such enthusiasm is undoubtedly shared by the rest of local Jamaats.Those who have not yet send their response are kindly requested to do so, so that we can send our final report to Hazrat Vakilut-Tabshir in Rabwah.

JAZAKUMULLAH

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علٰی رسولہ الکریم


# ماہنامہ احمدیہ گزٹ

ٹورانٹو کینیڈا

ایڈیٹر: سید منصور احمد بشیر — فروری سنہ ۱۹۸۰ء — نائب ایڈیٹر: خلیل احمد


## پیشگوئی مصلح موعود کے متعلق خدائی بشارت کے الہامی الفاظ

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنے الہام سے مخاطب کرکے فرمایا:-

"میں تجھے ایک رحمت کا نشان دیتا ہوں اُسی کے موافق جو تُو نے مجھ سے مانگا۔ سو مَیں نے تیری تضرعات کو سُنا اور تیری دعاؤں کو اپنی رحمت سے بپایۂ قبولیت جگہ دی اور تیرے سفر کو (جو ہوشیارپور اور لودھیانہ کا سفر ہے) تیرے لئے مبارک کر دیا۔ سو قدرت اور رحمت اور قربت کا نشان تجھے دیا جاتا ہے۔ فضل اور احسان کا نشان تجھے عطا ہوتا ہے اور فتح و ظفر کی کلید تجھے ملتی ہے۔ اے مظفر تجھ پر سلام! خدا نے یہ کہا تا وہ جو زندگی کے خواہاں ہیں موت کے پنجے سے نجات پاویں اور وہ جو قبروں میں دبے پڑے ہیں باہر آویں۔ اور تا دینِ اسلام کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو اور تا حق اپنی تمام برکتوں کے ساتھ آجائے اور باطل اپنی تمام نحوستوں کے ساتھ بھاگ جائے اور تا لوگ سمجھیں کہ میں قادر ہوں جو چاہتا ہوں سو کرتا ہوں۔ اور تا وہ یقین لائیں کہ میں تیرے ساتھ ہوں اور تا انہیں جو خدا کے وجود پر ایمان نہیں لاتے اور خدا اور خدا کے دین اور اس کی کتاب اور پاک رسول محمد مصطفٰے کو انکار اور تکذیب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ایک کھلی نشانی ملے۔ اور مجرموں کی راہ ظاہر ہو جائے۔ سو تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا۔ ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا۔ وہ لڑکا تمہارا مہمان آتا ہے۔ اس کا نام عنموائیل اور بشیر بھی ہے۔ اس کو مقدس روح دی گئی ہے اور وہ رِجس سے پاک ہے اور وہ نور اللہ ہے۔ مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے۔ اس کے ساتھ فضل ہے جو اس کے آنے کے ساتھ آئے گا۔ وہ صاحبِ شکوہ اور عظمت اور دولت ہوگا۔ وہ دنیا میں آئے گا اور اپنے مسیحی نفس اور رُوح الحق کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا۔ وہ کلمۃ اللہ ہے کیونکہ خدا کی رحمت و غیوری نے اُسے کلمۂ تمجید سے بھیجا ہے۔ وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا۔ اور دِل کا حلیم اور علومِ ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا۔ اور وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا (اس کے معنے سمجھ میں نہیں آئے) دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ۔ فرزند دلبند گرامی ارجمند۔ مظہر الاوّل والآخر، مظہر الحق والعلاء، کانّ اللہ نزل من السماء۔ جس کا نزول بہت مبارک اور جلالِ الٰہی کے ظہور کا مُوجب ہوگا۔ نور آتا ہے نور جس کو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر سے ممسوح کیا۔ ہم اس میں اپنی روح ڈالیں گے اور خدا کا سایہ اس کے سَر پر ہوگا۔ وہ جلد جلد بڑھے گا اور اسیروں کی رُستگاری کا مُوجب ہوگا اور زمین کے کناروں تک شہرت پائے گا اور قومیں اس سے برکت پائیں گی۔ تب اپنے نفسی نقطہ آسمان کی طرف اٹھایا جائے گا۔ وَکَانَ اَمْرًا مَّقْضِیًّا۔"

(اشتہار ۲۰؍فروری ۱۸۸۶ء منقول از تبلیغ رسالت جلد اوّل صفحہ ۹)

# احوالِ کینیڈا

## ٹورنٹو کا جلسہ سیرت النبیؐ

احمدیہ جماعت ٹورنٹو نے امسال ۳ فروری بروز اتوار سیرۃ النبی کے جلسہ کا اہتمام کیا۔ اسمیں ٹورنٹو کے دوستوں کے علاوہ بعض قریبی جماعتوں کے احباب بھی شامل ہوئے کل حاضری دوصد سے زائد تھی۔ عورتوں کیلئے پردہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ پچاس کے قریب غیراز جماعت دوستوں کو بھی شمولیت کی دعوت دی گئی۔ لیکن چونکہ اس دن چونکہ دوسری مسلمان تنظیمیں بھی یہ مقدس دن منارہی تھیں اس لئے غالبا چند ایک غیراحمدی مسلمان ہی ہمارے جلسہ میں تشریف لا سکے۔ تلاوت قرآن پاک (اور اس کے ترجمہ سے) جو مکرم آدم بہاری آف مارشس نے کی اس جلسہ کا آغاز کیا گیا۔ مکرم ڈاکٹر سید احمد یوسف صاحب اس جلسہ کی اہمیت کے پیش نظر Deep River جو ٹورنٹو سے تین چار سو میل کے فاصلہ پر واقع ہے سے تشریف لائے۔ آپ کی تقریر کا موضوع تھا: Twenty Four Hours in the life of Holy Prophet آپ کی عالمانہ تقریر کو بہت سراہا گیا۔

اس اجلاس میں پہلی مرتبہ ہمارے تین بچوں نے رسول کریم صلعم کی سیرت پر مضامین پڑھے یہ تینوں بچے مسی سا گا جماعت سے تعلق رکھتے تھے۔ صدر مجلس نے دوسری جماعتوں کو بھی اس نمونہ کی پیروی کی تحریک کی۔

مکرم عیسیٰ جان خانصاحب نے اختصار سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے بعض پہلو نمایاں کئے۔ مکرم منظور علی صاحب زبیری اور جمیل سعید صاحب نے آقائے نامدار کی شان میں نظموں کے ذریعہ اس پروگرام میں اپنی عقیدت کا اظہار کیا۔

آخر میں مکرم مشنری انچارج صاحب نے صدارتی تقریر میں حاضرین سے اپیل کی کہ دنیا کے دکھوں کا علاج رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ میں ہے۔ اس لئے اگر ہم دنیا کو اس حقیقت سے آگاہ نہ کر سکے تو ہم بہت بڑے گناہ کے مرتکب ہوں گے۔

**مشن ہاؤس ٹورنٹو میں درس قرآن** اس سے قبل احباب کو اطلاع دی جا چکی ہے کہ مشن ہاؤس میں ہفتہ روزہ درس قرآن اور اس کے بعد سوال وجواب کا پروگرام چند ماہ قبل شروع کیا گیا تھا۔ دوستوں کی خواہش پر بعد میں اسے ماہانہ کر دیا گیا۔ 20/25 احباب اس میں بڑے شوق سے حصہ لیتے ہیں۔ لیکن اس بات کی شدت سے ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ جو دوسرے دوست اتوار کو اپنا وقت نکال سکیں وہ بھی اسمیں حصہ لیں۔ مکرم مرزا شیام (فون نمبر 416-757-2916) اس روحانی پروگرام کو منظم کر رہے ہیں۔ دوست ان کے ساتھ تعاون فرمائیں۔

## مشن کو فوٹوسٹیٹ مشین اور برقی ٹائپ رائٹر کا تحفہ

ہمارے مشن میں فوٹوسٹیٹ مشین کی ایک عرصہ سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ الحمدللہ کہ ہمارے تین دوستوں چوہدری الیاس احمد (کیلگری) داؤد احمد خان (ڈاؤنزویو) اور چوہدری ادریس شاہین (وینکوور) کے مالی تعاون سے ایک ریکنڈیشنڈ مشین خریدی جا چکی ہے۔ اسکا زیادہ حصہ مکرم چوہدری الیاس صاحب نے پیش کیا ہے۔ اسی طرح مکرم ڈاکٹر خلیفہ عبدالمومن صاحب آف گلاس بے (نواسکوشیا) نے جماعت کو ایک برقی ٹائپ رائٹر دینے کا وعدہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ان دوستوں کو بہترین بدلہ عطا فرمائے آمین۔

## کیلگری، سیسکاٹون، ایڈمنٹن اور وینکوور جماعتوں کی پیشکش

دوست جانتے ہیں کہ آجکل مغربی کینیڈا میں نسبتاً زیادہ ترقی ہو رہی ہے اور وہاں ملازمت ڈھونڈنے کے بھی زیادہ مواقع ہیں۔ وہاں کی چار جماعتوں نے احباب جماعت کو دعوت دی ہے کہ وہ اگر بزنس کیلئے یا ملازمت ڈھونڈنے کیلئے آنا چاہیں تو ان کی پوری مدد کی جائے گی۔ اس عرصہ میں حتی الوسع یہ جماعتیں ایسے احباب کی رہائش وغیرہ کا بھی انتظام کرنے کی کوشش کریں گی۔ ہم اپنے جواں ہمت دوستوں سے کہنا چاہتے ہیں کہ وہ ان خدا داد مواقع سے پورا فائدہ اٹھائیں۔

**مراکزِ نماز** ۔ مختلف جماعتوں میں ہفتہ وار نماز کے مراکز کے متعلق معلومات درج کی جا رہی ہیں۔ جملہ احباب ان سے فائدہ اٹھائیں:۔

سکاربرو جماعت ۔ مشن ہاؤس ۲ بجے دوپہر بروز اتوار
برمکان منور احمد صاحب بٹ پانچ بجے شام بروز اتوار

مسی ساگا جماعت ۔ ۲ بجے دوپہر بروز اتوار باری باری مختلف دوستوں کے مکانات پر

ڈاؤنزویو جماعت ۔ برمکان نصیر احمد خان صاحب بروز اتوار نماز مغرب وعشاء
برمکان خلیفہ عبدالعزیز صاحب بروز اتوار نماز مغرب وعشاء

کیلگری جماعت ۔ مشن ہاؤس بروز اتوار ۲ بجے دوپہر

ایڈمنٹن جماعت ۔ برمکان چوہدری مقبول احمد صاحب ۴ بجے شام بروز اتوار

سیسکاٹون جماعت ۔ احمدیہ سنٹر ۔ روزانہ تین نمازیں۔

وینکوور جماعت ۔ برمکان چوہدری ادریس احمد صاحب اور چوہدری نصراللہ خان صاحب

ونی پیگ جماعت ۔ روزانہ مغرب اور عشاء برمکان ڈاکٹر اعجاز احمد صاحب ۔ بروز اتوار ظہر۔

سینٹ کیتھرین جماعت ۔ برمکان آغا لطف المنان صاحب روزانہ نماز مغرب اور عشاء

مانٹریال جماعت ۔ برمکان کرنل محمد سعید صاحب روزانہ نماز فجر

برملی جماعت - ۷ بجے شام بروز اتوار باری باری مختلف دوستوں کے گھروں پر -

**ڈگبی** - پانچوں نمازوں کے علاوہ درس و تعلیم القرآن بعد نماز مغرب

**نماز جمعہ کا انتظام** - مندرجہ ذیل جماعتوں میں جمعہ کا انتظام ہے دوست اس سے بھی فائدہ اٹھائیں -

۱۔ ٹورنٹو مشن ہاؤس - ۲ بجے دوپہر
۲۔ کیلگری مشن ہاؤس -
۳۔ سسکاٹون - احمدیہ سنٹر بمکان چوہدری مقبول احمد صاحب
۴۔ ایڈمنٹن - بمکان کرنل محمد سعید صاحب ریٹائرڈ -
۵۔ مانٹریال - بمکان

**بچوں کی کلاسیں** - مندرجہ ذیل جماعتوں نے بچوں کی ہفتہ وار کلاسوں کا انتظام کیا ہوا ہے - جزاہم اللہ احسن الجزاء - دوسری جماعتوں کے لئے یہ عمدہ نمونہ ہے

۱۔ سکاربرو ۲۔ مسس ساگا ۳۔ سڈبری (اندرہ روزہ)
۴۔ کیلگری جماعت ۵۔ سسکاٹون جماعت ۶۔ آٹوا جماعت
۷۔ ونی پیگ جماعت ۸۔ ایڈمنٹن ۹۔ وینکوور

## کیلگری و سسکاٹون کی جماعتیں اور تقسیم قرآن کریم

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تحریک پر کہ شمالی امریکہ میں دس لاکھ قرآن آئندہ چند سالوں میں تقسیم کئے جاویں سب ہی دوست بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں - لیکن ہماری دو جماعتوں نے بہت ہی اعلیٰ قربانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بالترتیب یکصد قرآن اور دس قرآن ہر ماہ تقسیم کرنے کا وعدہ کیا ہے - ہماری دوسری جماعتوں اور دوسرے افراد جماعت کو فاستبقوا الخیرات کے مطابق اس نیکی کے کام میں اس سے بھی آگے بڑھنے کی کوشش کرنی چاہئے -

**ہمارے معاونین** - اس شمارہ کی تدوین میں مکرم کرنل محمد سعید صاحب نے گرانقدر مدد فرمائی ہے اسی طرح محترمہ مقصودہ مرزا اہلیہ مرزا اعظم صاحب نے تعاون کی روح کا مظاہرہ کیا ہے - اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزاء عطا فرمائے آمین

## درخواست دعا

مکرم مسعود ملک صاحب آف ڈاؤنز ویو جماعت کی والدہ صاحبہ سر درد کی وجہ سے بیمار ہیں - دوست ان کی شفایابی کیلئے دعا فرماویں -

## تعمیل ارشاد

احمدیہ گزٹ کے گزشتہ سے پیوستہ شمارہ میں حضور کا ارشاد دوستوں … مل گیا ہوگا کہ ہر ایک احمدی بچہ قرآن کریم ناظرہ سیکھے اس ارشاد کی … میں بعض جماعتوں نے جن میں خصوصاً کیلگری - مسس ساگا - آٹوا … سسکاٹون - ایڈمنٹن - ونی پیگ - وینکوور - سکاربرو اور س… شامل ہیں پہلے ہی بچوں کی کلاسیں شروع کی ہوئی ہیں - لیکن خاک… عرض کرنا چاہتا ہے کہ ان کلاسوں کے علاوہ قرآن مجید پڑھانے کا … والدین کو روزانہ قاعدہ پڑھانے کا انتظام خود کرنا چاہئے یہ کلا… ان کے بچوں کے متعلق ان کے فرض یعنی تعلیم القرآن میں محمد تو… لیکن انہیں اس مقدس فرض سے سبکدوش نہیں کرسکتیں - ا…

ہمیں تعہد سے دو چیزوں کی ضرورت ہے :-

اول - والدین بچوں کو پڑھانے کا انتظام کریں خود یا ک…

دوم - صدر صاحبان اپنی جماعتوں کے ہر بچے کے متعلق جا… کہ وہ پڑھ رہا ہے کہ نہیں - نیز ہفتہ وار کلاسوں کو قائم کر… انہیں زیادہ سے زیادہ مؤثر بنائیں -

(مشنری انچارج)

## ضروری اعلان

۱۔ اخراجات کی زیادتی کی وجہ سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ احمدیہ … گزٹ کا انگریزی اور اردو میں سے صرف ایک ہی سیکشن … چونکہ اکثر گھروں میں بچے صرف انگریزی پڑھ سکتے ہیں اس لئے انگریزی حصہ بھیجا جائیگا - سوائے اس کے کہ دوست ہمیں خود … کہ انہیں اردو حصہ کی بھی ضرورت ہے -

۲۔ احمدیہ گزٹ اور لائٹ کے اخراجات پورا کرنے کیلئے استدعا ہے کہ وہ ہمیں عطیہ جات بھی بھجوائیں - کیونکہ اس … ہمیں یہ مفید رسالے بند کرنے پڑیں گے یا سال میں ہم … ہی نکال سکیں گے -

## ماہ فروری کا نفلی روزہ

حسب سابق ماہ فروری کی آخری جمعرات بتاریخ ۲۸ … طور پر روزہ رکھیں اور اگر ہو سکے تو اکٹھے مل کر افطا… وغیرہ کا انتظام کیا جائے -

# جماعت ہائے احمدیہ کینیڈا کا تیسرا سالانہ جلسہ

- کینیڈا کے طول و عرض سے افراد جماعت کی شرکت
- حضور ایدہ اللہ تعالیٰ اور محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کے پیغامات
- مختلف علمی اور تربیتی مواضیع پر تقاریر • ریڈیو اور پریس میں وسیع اشاعت

(مکرم سید منصور احمد صاحب بشیر مبلغ انچارج کینیڈا مشن)

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے احمدیہ مسلم مشن کینیڈا کو اپنے قیام کے تیسرے سال کے شروع میں اپنا تیسرا جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ اس جلسہ کی تیاری ۳ ، ۴ ماہ قبل شروع کر دی گئی تھی۔ چنانچہ گزشتہ دو جلسوں کے مقابل یہ جلسہ بہت زیادہ منظم طور پر کرنے کی توفیق ملی۔ اس کی رپورٹ احباب کی خدمت میں پیش ہے۔

## ابتدائی تیاری

انتظام اور ان کی تکمیل اگرچہ کافی وقت طلب تھا اور ہمیں ان معاملات کا زیادہ تجربہ بھی نہ تھا، پھر بھی دعاؤں کے طفیل اللہ تعالیٰ نے فضل کیا اور یہ تمام امور بغیر کسی مشکل کے پایۂ تکمیل کو پہنچ گئے۔ اس ضمن میں میزبان جماعت ٹورنٹو کی مجلس عاملہ کے اراکین اور جملہ ممبران ہمارے خاص شکریہ کے مستحق ہیں، جنہوں نے ہر مرحلہ پر ہاتھ بٹایا۔

اسی طرح مجلس خدام الاحمدیہ ٹورنٹو نے دوران جلسہ تمام حاضرین کے لئے خوراک کی ذمہ داری نہایت احسن طور پر سنبھال لی۔ ان کے انتظام کو ہر ایک نے سراہا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔

جلسہ سالانہ سے قبل متعدد سرکلرز اور خطوط کے ذریعہ ملک کے تمام احمدی گھرانوں کو جلسہ سالانہ کی تاریخ اور پروگرام کے علاوہ دیگر معلومات بہم پہنچائی گئیں۔ آنے والے مہمانوں کے متعلق جیسے جیسے علم ہوتا رہا، ان کے استقبال و رہائش، خوراک اور دوسری ضروریات کا انتظام کیا گیا۔

ٹورنٹو جماعت کے تمام دوستوں نے مہمانوں کے لئے اپنے مکان پیش کئے۔ دو تین دن تک ان کے کھانے کا انتظام بھی خود ہی کیا۔ اللہ تعالیٰ تمام بھائیوں کو جزائے خیر دے، اور ان کے مال میں برکت دے اور ان کا حامی و ناصر ہو۔

## جلسہ کا تعارف و اشاعت

اس جلسہ کو کامیاب طور پر منعقد کرنے کے لئے سیکرٹری جلسہ سالانہ کمیٹی مکرم خالد حسین خان صاحب نے مختلف ذرائع ابلاغ کے ذریعہ تعارف و اشاعت کا کام پوری ذمہ داری سے کیا۔ اخبارات، ریڈیو اور ٹیلیویژن والوں کو پریس ریلیز بھجوانے کے علاوہ خطوط لکھے گئے۔ اور ذاتی تعلقات کی بناء پر بھی انہیں کہا گیا۔ اس کے نتیجہ میں اخبارات اور ریڈیو والوں نے ہم سے پورا تعاون کیا۔ اور جلسہ کی کارروائی کی نشر و اشاعت میں مدد دی۔

## افتتاحی اجلاس

حضور ایدہ اللہ نے ہماری درخواست کے مطابق مکرم میر محمود احمد صاحب ناصر امیر و مشنری انچارج امریکہ نے اس اجلاس کی صدارت فرمائی۔ یہ سیشن انگریزی کے لئے وقف تھا۔ آپ نے افتتاحی تقریر میں اسلام کا پیغام، اس کی حقیقت اور اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مغربی دنیا میں اسلام پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں، تاریخی حقائق کے دلائل سے ان کا جواب دیا۔ احمدیت کے ذریعہ جو اسلام کا خوبصورت چہرہ اس ترقی یافتہ دنیا میں نمایاں ہو رہا ہے اس کا مبسوط طور پر ذکر کیا اور قرآن مجید کی متعدد آیات کے حوالہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اقوال سے تقریر کو مزین کیا۔

## حضور ایدہ اللہ کا برقی پیغام

اس موقعہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ نے ہماری درخواست پر جو برقی پیغام بھجوایا تھا اسے مکرم خلیفہ عبد العزیز صاحب نے اپنے استقبالیہ میں پڑھ کر سنایا۔ اس پیغام کا ترجمہ حسب ذیل ہے۔

"مجھے خوشی ہے کہ احمدیہ جماعت کینیڈا ۳۰ جون اور یکم جولائی ۱۹۷۹ء کو اپنا تیسرا جلسہ سالانہ منعقد کر رہی ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسے بابرکت کرے اور اسے پوری طرح کامیاب کرے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو رسول پاک صلے اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(دستخط) مرزا ناصر احمد
خلیفۃ المسیح الثالث"

اس موقعہ پر محترم چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے بھی خاص شفقت سے مندرجہ ذیل پیغام مرحمت فرمایا۔

"میرے پیارے بھائیو اور بہنو!
السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ،
مجھے یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم نے آپ کو اس قابل بنایا ہے کہ آپ اپنا تیسرا جلسہ سالانہ منعقد کر رہے ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ یہ آپ کے دوسرے جلسہ سالانہ سے بھی زیادہ کامیاب ہو جس کی شمولیت کا مجھے بھی فخر حاصل ہوا تھا اور جس سے میں آپ کے جذبۂ ایثار و قربانی کی مقدس یادیں لیکر واپس آیا تھا۔ میں یہ بھی یقین لیکر واپس آیا تھا کہ سارے کینیڈا میں اسلام اور احمدیت کی اشاعت کے امکانات بہت نمایاں ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس ضمن میں آپ کی کوششوں کو بہت بابرکت کرے۔ پس پورے یقین و اعتماد سے اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے آگے بڑھو اور خدا تعالیٰ کی راہ میں پوری کوشش کرو۔ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کا رحم ہمیشہ آپ کے ساتھ رہے۔ آمین۔

آپ کا محبت کرنے والا عاجز بھائی
(دستخط) ظفر اللہ خان"

پہلے اجلاس کی دوسری تقریر مکرم محمد برکات اللہ صاحب جنجوعہ کی تھی۔ انہوں نے مندرجہ ذیل اعتراضات کا جو عموماً کئے جاتے ہیں جواب دیا۔

۱۔ اسلام طاقت کا مذہب ہے۔
۲۔ اسلام میں تعدد ازدواج کی اجازت عورت کے حقوق کے خلاف ہے۔
۳۔ رسول پاک صلے اللہ علیہ وسلم کی شادیاں آپؐ کے عظیم مقصد کے مطابق نہیں تھیں نہ وہ آپ کو ایک عظیم انسان ثابت کرتی ہیں۔
۴۔ اسلام عورت کو معاشرہ میں اعلیٰ مقام نہیں دیتا
۵۔ اسلام نے غلامی کو ختم نہیں کیا۔
۶۔ رسول پاک صلے اللہ علیہ وسلم کے اخلاق نقائص سے پاک نہیں۔

مکرم جنجوعہ صاحب نے ان تمام امور کو واضح طور پر بیان کیا۔

ان کی تقریر کے بعد خاکسار (منصور احمد بشیر) نے برکات خلافت پر اپنا مضمون پڑھا۔ اس میں خاکسار نے اس حقیقت پر زور دیا کہ چونکہ خلیفۂ وقت کا کام ساری دنیا کے دلوں کو جیت کر ان پر الٰہی حکومت قائم کرنا ہوتا ہے۔ یہ کام انسانی طاقت سے باہر ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ ہی ایسے خلیفہ کو کھڑا کر سکتا ہے جو اس کے منشاء، ہدایت اور حکم کے مطابق کام کرے۔ آخر میں خاکسار نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کی بعض عظیم الشان تحریکات کو بیان کیا۔

## دوسرا اجلاس

پہلے دن کا دوسرا اجلاس مکرم عیسےٰ جان خان صاحب صدر میزبان جماعت ٹورنٹو کی صدارت میں شروع ہوا۔ اس کی کارروائی بھی انگریزی زبان میں تھی۔ مکرم مصطفےٰ ثابت صاحب مصری نے تلاوت قرآن پاک با ترجمہ کی۔ مکرم مبارک علی صاحب آف گی آنا نے درثمین کی نظم "وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا" مع ترجمہ خوش الحانی سے پڑھ کر سنائی۔ باوجودیکہ انہیں اردو بالکل نہیں آتی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے انکی محبت کا نتیجہ ہے کہ [illegible]

# یومِ مصلح موعود

آئندہ ماہ کی پہلی اتوار مؤرخہ ۲ مارچ ۱۹۸۰ سنہ کو ہم یوم مصلح موعود منا رہے ہیں۔ اس عظیم پیشگوئی کی یاد تازہ کرنے کیلئے احباب اس موقعہ پر حضرت مصلح موعود کے متعلق اپنے تاثرات آکر بیان کریں کہ کسطرح بذریعہ ملاقات یا تقاریر انہوں نے حضور سے روحانی فیض حاصل کیا یا اپنے بزرگوں سے حضور کے متعلق سنا تاکہ اسطرح حضرت مصلح موعود کی بزرگ شخصیت کے متعلق ہماری نئی نسل اور نئے احمدیوں کو صحیح علم حاصل ہو۔

اس موقعہ پر اپنے غیر از جماعت احباب کو بھی ساتھ لائیں۔ جگہ، وقت و تاریخ حسب ذیل ہے:

تاریخ: ۲ مارچ ۱۹۸۰ء

وقت: ۲ بجے تا ۵ بجے شام

مقام: EARL HAIG S. SCHOOL
100 PRINCESS AVE
WILLOWDALE - ONTARIO

نوٹ۔ حسب سابق حاضرین کی میٹنگ کے بعد مشروبات وغیرہ سے تواضع کی جائیگی۔